12-07-2024 FRIDAY URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں :

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں سے کہا ہے کہ نو قائم کردہ ہائیڈرا کے تحت مختلف کاموں کو اسمبلی سیشن سے قبل پورا کیا جائے۔

☆وزیراعلیٰ ریونت ریڈی سولہا جولائی کو ضلع کلکٹرس، پولیس کمشنرس اور سپرنٹنڈنٹس آف پولیس کے ساتھ میٹنگ منعقد کریں گے۔

☆کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ثابت ہو رہی ہے۔

☆نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے اڈیشہ کے سی ایم پر زور دیا ہے کہ سنگارینی کالریز کمپنی کی جانب سے ریاست کے علاقہ نائنی میں شروع کردہ کوئلہ کی کان کے پراجکٹ میں تعاون کیا جائے۔

☆☆☆☆☆

کوئلہ اور کانوں کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کانگریس پارٹی پر تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جھوٹے وعدے کرتے ہوئے تلنگانہ میں اقتدار میں آئی ہے اور عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے میں ناکام ثابت ہو رہی ہے۔ شمس آباد میں آج پارٹی کے ریاستی عاملہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کشن ریڈی نے الزام عائد کیا کہ کانگریس نے چھ گیارنٹیوں اور چھیاسٹھ دیگر وعدوں کو اندرون سو دن پورا کرنے کا وعدہ کیا تھا تاہم اقتدار میں آنے کے سات ماہ کے بعد بھی ان وعدوں کو پورا نہیں کیا گیا ہے۔ کشن ریڈی نے حالیہ انتخابات میں اہم رول ادا کرنے پر پارٹی کارکنوں کی ستائش کی اور پارٹی ارکان اسمبلی کی تعداد میں ایک سے اضافہ کے ساتھ آٹھ ہونے اور ووٹوں کا حصہ سات فیصد سے بڑھ کر پندرہ فیصد ہونے کو اجاگر کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بی جے پی عوامی شکایات کے ازالہ کیلئے پر عزم ہے اور اس نے بی آر ایس پارٹی کی پالیسیوں کے خلاف کامیاب مہم چلائی۔ مملکتی وزیر برائے داخلہ بنڈی سنجے نے کانگریس کے ایم پی واپوزیشن لیڈر راہول گاندھی کو چیلنج کیا کہ عثمانیہ یونیورسٹی کا دورہ کریں اور بے روزگار نوجوانوں سے بات کریں۔ اس میٹنگ میں پارٹی لیڈرس ایم پی کے لکشمن، پارلیمانی بورڈ ممبر ایٹالہ راجندر، موہن راؤ اور دوسروں نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے کہا ہے کہ ہائیڈرا کو آؤٹر رنگ روڈ تک 2 ہزار مربع کیلومیٹر کے علاقہ میں اپنے کام کرنے کی صلاحیت کا حامل ہونا چاہئے۔ اس وقت جی ایچ ایم سی کے دائرہ اختیار میں انجام دی جانے والی غیر مجاز ہورڈنگس، فلیکسی اور جرمانہ فیس کی وصولی کی ذمہ داری ہائیڈرا کو منتقل کی جانی چاہئے۔ زونس کی تقسیم میں اس بات کا خیال رکھا جائے کہ پولیس اسٹیشن کی حدود اور اسمبلی حلقہ کی حدود مکمل طور پر ایک ہی زون میں رہیں۔ سی ایم نے مزید کہا کہ نہروں، تالابوں اور سرکاری زمینات پر قبضہ جات کے قوانین کو مزید سخت بنانے کے لئے اقدامات کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی بی جے پی نے حالیہ لوک سبھا انتخابات میں تلنگانہ میں پارٹی کو نئی بلندیوں تک لے جانے کیلئے وزیراعظم نریندر مودی سے اظہار تشکر کیا ہے۔ بی جے پی تلنگانہ کی ریاستی عاملہ میٹنگ میں اس سلسلہ میں متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی گئی۔ پارٹی کے جنرل سکریٹری بنڈی سنجے کمار نے یہ قرارداد پیش کی جبکہ پارلیمانی بورڈ ممبر و ایم پی ڈی کے ارونا نے اس قرارداد کی حمایت کی۔ اس سے پہلے ریاستی صدر و مرکزی وزیر کشن ریڈی نے خطاب کرتے ہوئے پارٹی لیڈرس اور کیڈرس پر زور دیا کہ رکنیت سازی مہم کے دوران پارٹی کو نچلی سطح سے مستحکم بنانے کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ اس موقع پر مرکزی وزیر تعلیم دھرمیندر پردھان بھی موجود تھے۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ کے چند اضلاع میں آئندہ پانچ دن کے دوران مختلف مقامات پر شدید بارش کا امکان ہے۔محکمہ موسمیات کے مرکز نے آج اپنی یومیہ رپورٹ میں کہا کہ اسی مدت کے دوران ریاست کے بعض اضلاع میں کہیں کہیں بونداباندی کے ساتھ بجلیاں چمکنے اور تیز ہوائیں چلنے کا بھی امکان ہے۔ریاست بھر میں جنوب مغربی مانسون کمزور پڑ گیا ہے۔رپورٹ کے مطابق گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران ریاست کے چند ایک مقامات پر بارش ہوئی۔

☆☆☆☆☆

مرکز نے تلنگانہ ماڈل اسکول میں ناشتہ میں چھپکلی پائے جانے کے تعلق سے میڈیا کی حالیہ رپورٹس کا سنجیدگی سے نوٹ لیا ہے۔ایک سوشیل میڈیا پوسٹ پر مرکزی وزارت تعلیم نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت اپنی اسکیم کے تحت ماڈل اسکولوں کو ناشتہ سربراہ کرتی ہے جبکہ یہ اسکیم، پی ایم پوشن اسکیم کے تحت نہیں آتی۔وزارت کے مطابق ریاستی حکومت نے بتایا ہے کہ متعلقہ عہدیداروں کے خلاف سخت کارروائی کی گئی ہے۔وزارت نے اس بات کا بھی اعادہ کیا کہ پی ایم پوشن اسکیم کے ذریعہ اسکولوں میں دوپہر کے کھانے کیلئے گرم غذا فراہم کی جاتی ہے۔

☆☆☆☆☆

ریاستی وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس ماہ کی 16 تاریخ کو سکریٹریٹ میں ضلع کلکٹرس، پولیس کمشنرس اور سپرنٹنڈنٹس آف پولیس کی ایک میٹنگ منعقد کریں گے۔اس میٹنگ کے دوران وزیراعلیٰ مختلف امور بشمول پرجاپالانا، دھرانی (اراضیات کے ریکارڈس)، زراعت، صحت، وبائی امراض، وانا مہااتسوم، مہیلا شکتی، تعلیم، لا اینڈ آرڈر، سکیورٹی اور کرائم کا جائزہ لیں گے۔توقع ہے کہ ریونت ریڈی مذکورہ معاملات پر مختلف گائیڈ لائنس جاری کرنے کے علاوہ اضلاع کے عہدیداروں کو احکام جاری کریں گے۔

☆☆☆☆☆

ڈائرکٹر جنرل آف پولیس ڈاکٹر جتیندر اور ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل لا اینڈ آرڈر مہیش مرلی دھر بھگوت نے آج حیدرآباد کے راج بھون میں تلنگانہ کے گورنر سی پی رادھا کرشنن سے ملاقات کی۔دونوں عہدیداروں نے حال ہی میں اپنے عہدوں کا جائزہ لیا ہے۔

☆☆☆☆☆

خیرت آباد کے ایم ایل اے ڈی ناگیندر جنہوں نے بی آر ایس کو چھوڑ کر کانگریس میں شمولیت اختیار کر لی ہے، کہا ہے کہ بی آر ایس لیجسلیٹیو پارٹی، کانگریس پارٹی میں ضم ہوجائے گی۔انہوں نے کہا کہ بی آر ایس کے مزید کئی ایم ایل ایز کانگریس میں شامل ہوجائیں گے۔حیدرآباد کے آدرش نگر علاقہ میں آج کلیان لکشمی چیکس کی تقسیم کے پروگرام میں حصہ لیتے ہوئے ڈی ناگیندر نے کہا کہ کانگریس میں بہت زیادہ آزادی ہے جبکہ ارکان اسمبلی، وزیراعلیٰ، وزراء اور انچارج وزراء سے ملاقات کرتے ہوئے فنڈس کے علاوہ اپنے حلقوں کے لئے مختلف پراجکٹس کی منظوری حاصل کر سکتے ہیں۔

☆☆☆☆☆

ابنات فاؤنڈیشن کی جانب سے 13 جولائی بروز ہفتہ، صبح آٹھ بجے سے دوپہر ایک بجے تک چاندنی فنکشن ہال، ملک پیٹ میں جاب فیئر ایکسپو کا انعقاد عمل میں آئے گا۔کئی کمپنیاں اس فیئر میں موجود ہوں گی۔بی کام، بی بی اے، بی ایس سی، بی فارما، ایم بی اے، ایم سی اے، بی ٹیک، انجینئرس کے ساتھ ساتھ دیگر گریجویٹس بھی اس جاب فیئر ایکسپو میں شرکت کرتے ہوئے ملازمت حاصل کر سکتے ہیں۔رجسٹریشن اور مزید تفصیلات کیلئے فون نمبر : 8125004111 پر ربط پیدا کیا جاسکتا ہے۔

☆☆☆☆☆

نائب وزیراعلیٰ بھٹی وکرما آرکا نے اڈیشہ کے وزیراعلیٰ موہن چرن منجی پر زور دیا ہے کہ ریاست میں سنگارینی کالریز کمپنی کی جانب سے شروع کردہ کوئلہ کی کان کے پراجکٹ کے سلسلہ میں تعاون کیا جائے۔ان کی اس بات پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے اڈیشہ کے سی ایم نے مکمل تعاون کا یقین دلایا اور کہا کہ اس سلسلہ میں مناسب اقدامات کیے جائیں گے۔بھٹی وکرما آرکا نے تلنگانہ کے عہدیداروں کی ایک ٹیم کے ساتھ ملاقات کے دوران سنگارینی کے کول بلاکس کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

☆☆☆☆☆

تلنگانہ مہیلا کوآپریٹیو ڈیولپمنٹ کارپوریشن نے حیدرآباد میں خواتین کیلئے مفت الیکٹرک آٹو ڈرائیونگ ٹریننگ پروگرام شروع کرنے کا اعلان کیا ہے۔یہ ٹریننگ پروگرام پینتالیس تا پچاس دن پر مشتمل رہے گا جس کیلئے اٹھارہ سے پینتالیس سال کی عمر والی خواتین اہل ہوں گی۔

سٹی پولیس نے کل شب نا میلی ریلوے اسٹیشن پر دو پولیس ملازمین پر حملہ کرنے والے دو افراد میں سے ایک کو گرفتار کر لیا ہے۔ حیدرآباد پولیس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ملزمین نے دو کانسٹبلس پر حملہ کیا تھا۔ پولیس نے ان دونوں افراد کو دیکھا جن میں سے ایک کے پاس کلہاڑی تھی۔ جب پولیس نے ان سے پوچھ تاچھ کی تب ایک شخص نے کلہاڑی سے حملہ کر دیا۔ بچاؤ میں پولیس نے فائرنگ کر دی۔ جس کے نتیجہ میں ایک شخص زخمی ہو گیا جبکہ دوسرا شخص فرار ہو گیا۔ بعد ازاں گرفتاری کے بعد دونوں ملزمین نے لوٹ مار کے علاوہ فٹ پاتھ پر سونے والے افراد کے موبائیل فونس کا سرقہ کرنے کا اعتراف کیا۔

☆☆☆☆☆